# 121193- جمعہ کے دن خطیب آنے سے پہلے قاری کا تلاوت کرنا

## سوال

کیا جمعہ کے دن خطیب کے آنے سے قبل قاری کے لیے مسجد میں قرآن کی تلاوت کرنا جائز ہے، کیا یہ جمعہ کے آداب اور سنت میں شامل ہوتا ہے یا کہ بدعات میں ؟

## پسندیدہ جواب

ہمارے علم کے مطابق تو اس کی کوئی دلیل نہیں کہ جمعہ کے دن امام کے آنے سے قبل کوئی قاری تلاوت کرے اور لوگ سنیں، اور جب امام صاحب آئیں تو قاری خاموش ہو جائے.

اصل میں عبادات توقیف پر مبنی ہیں یعنی جس طرح وارد ہیں اسی طرح سرانجام دی جائینگی، اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس کسی نے بھی کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا حکم نہیں تو وہ عمل مردود ہے"

اسے امام مسلم نے صحیح مسلم میں روایت کیا ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے" انتہی

اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.

الشیخ عبد الرزاق عفیفی.

الشیخ عبد اللہ بن غدیان.

الشیخ عبد اللہ بن قعود.